| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حِفظِ قُرآن مجید (سورۃ الکوثر) |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سورۃ الکوثر درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورت کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ سے سورۃ الکوثر کے متعلق سوالات پوچھیں:

الف: الکوثر سے کیا مراد ہے؟

ب: قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت کا نام بتائیں۔

**طریقہ تدریس:** 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 11 کھولیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں۔ انھیں بتائیں قُرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے جو کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ پر نازل فرمائی یہ کتاب قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے ہدایت کا ذریعہ ہے۔
- طلبہ سے سورۃ الکوثر کا عنوان دو سے تین بار دہرانے کو کہیں۔
- طلبہ کو سورۃ الکوثر کے بارے میں بتائیں کہ یہ قرآن مجید کی 108 نمبر سورت ہے یہ مکی سورت ہے یعنی مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ الکوثر جنت کی ایک نہر ہے جو پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کو عطا کی گئی ہے۔

- طلبہ کو سورۃ الکوثر کی پہلی آیت (اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱) پڑھ کر سنائیں ہر لفظ کو ٹھہر ٹھہر کر درست تلفّظ اور تجوید سے ادا کریں۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ پڑھتے ہوئے اعراب و حرکات کا خاص خیال رکھا جائے۔
- طلبہ کو الکوثر کے بارے میں بتائیں یہ جنت کی نہر ہے جو پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ کو عطا کی گئی ہے۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ کا فرمان ہے: "الکوثر جنت میں ایک نہر ہے، جس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ سفید ہے۔(ترمذی:3361)
- طلبہ کو زبانی یاد کرنے کے لیے صرف آیت نمبر 1 کی مشق دہرائیں۔

| اعادہ: | 3منٹ |
|---|---|

سورۃ الکوثر کی آیت نمبر 1 زبانی دہرائیں۔

| جائزہ: | 0منٹ |
|---|---|

N/A

| گھر کا کام: | 2منٹ |
|---|---|

طلبہ گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سورۃ الکوثر کی پہلی آیت زبانی یاد کر کے سنائیں۔

| سرگرمی برائے طلبہ: | 5منٹ |
|---|---|

⇐ سورۃ الکوثر کی پہلی آیت کی تلاوت کریں اور ترجمہ پڑھیں۔

## اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝۱

ترجمہ: اے نبی (خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ) بے شک ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمائی۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حِفظِ قُرآن مجید (سورۃ الکوثر) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الکوثر درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورت کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ سے سورۃ الکوثر کے متعلق سوالات پوچھیں:

الف: الکوثر سے کیا مراد ہے؟

ب: قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت کا نام بتائیں۔

**طریقہ تدریس:** 25 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 11 کھولنے کی ہدایت دیں انھیں قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں اور بتائیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے لہٰذا اس کی تلاوت کے کچھ آداب ہوتے ہیں جن کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔
- قرآن مجید کی تلاوت کے آداب دہرائیں۔
- طلبہ سے کہیں باادب ہو کر بیٹھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ قرآن مجید کی پہلی آیت کی تلاوت زبانی سنائیں۔ صحیح سنانے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور پڑھائی میں کمزور طلبہ کو پہلی آیت کی مشق کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم سورۃ الکوثر کی دوسری آیت کی تلاوت کرنا سیکھیں گے اور زبانی یاد کریں گے۔
- پہلے خود آیت کی تلاوت کریں (فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝٢) ہر لفظ کو ٹھہر ٹھہر کر درست تجوید کے ساتھ ادا کریں۔

- طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہر لفظ کو غور سے سنیں اور آپ کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کریں۔ پڑھائی کے دوران اعراب کا خیال رکھیں اور طلبہ کو بھی تاکید کریں کہ اعراب کی ادائی میں کسی قسم کی ردوبدل نہ کی جائے ورنہ ثواب کی بجائے گناہ ہو گا۔
- طلبہ کو زبانی یاد کرنے کے لیے آیت نمبر 2 کی مشق کروائیں۔

| اعادہ: | 3منٹ |
|---|---|

سورۃ الکوثر کی آیت نمبر 2 زبانی دہرائیں۔

| جائزہ: | 0منٹ |
|---|---|

N/A

| گھر کا کام: | 2منٹ |
|---|---|

طلبہ گھر میں والدین یا کسی بڑے کو سورۃ الکوثر کی پہلی دو آیات یاد کر کے زبانی سنائیں۔

| سرگرمی برائے طلبہ: | 5منٹ |
|---|---|

⇐ سورۃ الکوثر کی دوسری آیت کی تلاوت کریں اور ترجمہ پڑھیں۔

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝٢

ترجمہ: تو آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھیں اور قربانی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 6 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حِفظِ قُرآن مجید (دہرائی) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الکوثر درست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورت کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک / بورڈ مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ سے سورۃ الکوثر کے متعلق سوالات پوچھیں:

الف: الکوثر سے کیا مراد ہے؟

ب: قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت کا نام بتائیں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 11 کھولنے کا کہیں۔
- انھیں قرآن مجید کا تعارف دیں اور طلبہ سے قرآن مجید کی تلاوت کے آداب دہرائی کروائیں۔ طلبہ کو بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- طلبہ سے سورۃ الکوثر کی پہلی اور دوسری آیات کی تلاوت زبانی سنیں۔ انھیں بتائیں کہ آج ہم سورۃ الکوثر کی آیت نمبر 3 کو زبانی یاد کریں گے۔
- پہلے خود آیت ( اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝٣ ) کی تلاوت کریں۔ ہر لفظ کو ٹھہر ٹھہر کر درست تجوید کے ساتھ ادا کریں۔
- پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ اعراب کا خیال رکھتے ہوئے آیت کی تلاوت کریں اور زبانی یاد کریں۔
- اس کے بعد ایک ایک آیت کر کے طلبہ کو مکمل سورۃ الکوثر کی تلاوت کروائیں۔

- زبانی یاد کرنے کے لیے آیت نمبر 3 کی مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

مکمل سورۃ الکوثر دو سے تین بار دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سورۃ الکوثر سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

طلبہ کو ہدایت دیں کہ اپنے والدین یا کسی بڑے کی مدد سے قرآن مجید کا مصحف دیکھیں اور سورۃ الکوثر کی تلاوت کریں اور زبانی یاد کرنے کی مشق کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

⇐ سورۃ الکوثر کی آخری آیت کی تلاوت کریں اور ترجمہ پڑھیں۔

**إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ﴿٣﴾**

ترجمہ: بے شک جو تمہارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔

⇐ کالم الف کو کالم ب سے ملائیں اور آیت مکمل کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| کالم الف | کالم ب |
| --- | --- |
| فَصَلِّ لِرَبِّكَ | هُوَ الْأَبْتَرُ |
| إِنَّآ أَعْطَيْنٰكَ | وَانْحَرْ |
| إِنَّ شَانِئَكَ | الْكَوْثَرَ |